تیز رفتاری جان لیوا ہوتی ہے۔

گاڑی جتنی تیز چل رہی ہوتی ہے، اس گاڑی کے ڈرائیور کے لیے ٹکراؤ کو روکنا اتنا ہی مشکل ہوتا ہے۔ رفتار میں معمولی سا فرق بھی تحفظ کے حوالے سے بڑا اثر ڈال سکتا ہے – ایک پیدل چلنے والا جو 30 MPH سے چلنے والی گاڑی سے ٹکراتا ہے پیدل چلنے والے اس فرد کی بہ نسبت جو 25 MPH سے چلنے والی گاڑی سے ٹکراتا ہے ہلاک ہونے کا دو گنا زیادہ امکان ہوتا ہے۔

اسپیڈ کیمرے کیوں استعمال کریں؟

NYC لوگوں کو محفوظ رفتار سے سفر کرنے کی ترغیب دینے کے لیے کئی ایک طریقے استعمال کرتی ہے، جس میں اسپیڈ بمپس، سگنل کا وقت، تنگ ہوتی چوڑی سفر کی لین، اور پولیس انفورسمنٹ شامل ہے۔ اسپیڈ کیمرے زندگی بچانے والے ثابت ہو چکے ہیں۔ جن مقامات پر اسپیڈ کیمرے زیر استعمال ہیں وہاں ضرر میں 17 فیصد کی گراوٹ آتی ہے اور تیر رفتاری میں 60 فیصد سے زیادہ کمی آتی ہے۔

Español, 繁體中文, русский
nyc.gov/speedcameras

NYC کا اسپیڈ کیمرا انفورسمنٹ

NYC کے اسپیڈ کیمروں میں وہی ریڈار اور لیزر ٹیکنالوجی استعمال ہوتی ہے جس پر گاڑی کی رفتار ناپنے کے لیے لاء انفورسمنٹ والے انحصار کرتے ہیں۔ اگر ریڈار کو پتہ چلتا ہے کہ گاڑی حد رفتار سے دس میل فی گھنٹہ سے زیادہ سے تجاوز کر رہی ہے تو گاڑی کی تصویریں نیز لائسنس پلیٹ کی ایک تصویر ریکارڈ کی جاتی ہے۔

11 جولائی 2019 کو، نیو یارک سٹی کا توسیعی اسپیڈ کیمرے کا قانون نافذ العمل ہو گیا۔ سٹی اب پورے سال بروز پیر تا جمعہ، 6:00 a.m. سے 10:00 p.m. تک خلاف ورزیاں جاری کرتی ہے۔ اسپیڈ کیمروں کی پلیسمنٹ اسکول کے حلقہ رفتار – اسکول کے ارد گرد چوتھائی میل قطر – تک محدود ہے۔

سٹی آف نیو یارک میں کہیں بھی تیز رفتاری غیر قانونی ہے۔ اس بات سے قطع نظر کہ آپ کون ہیں، آپ کو ہمیشہ حد رفتار پر یا اس سے نیچے ہی گاڑی چلانی چاہیے۔

"میں خوب اچھی طرح جانتا ہوں کہ 5 MPH بھی زندگی اور موت کے بیچ کا فرق ہو سکتا ہے۔ میں نے 8 اکتوبر 2013 کو 12 سال کی عمر کے اپنے بیٹے Sammy کا بوسہ لیتے ہوئے اسے الوداع کہا اور میں اسے دوبارہ زندہ حالت میں نہیں دیکھ سکا۔ Sammy نیک، درخشاں اور دیکھ بھال کرنے والا تھا اور ایسی شوخ مسکراہٹ رکھتا تھا جو کمرے کو روشن کر دیتی تھی۔ اس کی زندگی ایک لمحے میں ختم ہو گئی۔ وہ ہمیں روزانہ یاد آتا ہے۔ چار حرفی لفظ صدمہ اس جسمانی درد، جذباتی اذیت، احساس جرم، غم اور ارمان کو معقول طریقے سے گرفت میں نہیں لیتا ہے۔"

- Sammy کی ماں, Amy